Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ — عوام کی بے ساختہ للکار — ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹر انچیف: محمد فیصل ندیم

جلد 16 | جمعرات، 4 ستمبر 2025ء، 10 ربیع الاول 1447ھ، قیمت 10 روپے | شمارہ 156

سیلاب متاثرہ علاقوں میں بیماریاں پھیلنے کا اندیشہ ہے، عظمیٰ بخاری

پنجاب حکومت نے کسی کو کھانا تقسیم کرنے سے نہیں روکا، صرف معیار کی جانچ لازمی قرار دی ہے، سیلاب متاثرین کی صحت کے تحفظ کے لیے ہدایات جاری کیں، سیاسی پوائنٹ اسکورنگ نہ کی جائے

غیر معیاری کھانے کی شکایات کے بعد ضلعی انتظامیہ اور فوڈ اتھارٹی کی نگرانی ضروری قرار دی گئی، مریم نواز خود متاثرہ علاقوں کا دورہ کر رہی ہیں تاکہ عوام کو یقین ہو کہ حاکم وقت ان کے ساتھ ہے، صوبائی وزیر اطلاعات

صوبائی وزیر سوشل ویلفیئر بیت المال شوکت بشیر شاہ دین غلفلہ ریلیف کیمپ کے دورے کے دوران سیلاب متاثرین سے گفتگو کر رہے ہیں

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) وزیر اطلاعات و ثقافت پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ پنجاب حکومت نے کسی بھی فرد کو تقسیم یا امام خیری کو سیلاب متاثرین میں کھانا تقسیم کرنے سے نہیں روکا۔ تاہم حکومت نے صرف یہ ہدایت جاری کی ہے کہ کھانا تقسیم کرنے سے پہلے ضلعی انتظامیہ اور فوڈ اتھارٹی سے اس کی جانچ پڑتال لازمی کرائی جائے تاکہ غیر معیاری کھانے کے باعث متاثرین کی صحت کو کسی (بقیہ نمبر 7)

جنگلات کی کٹائی، لکڑی کی نیلامی پر فوری پابندی عائد

پہلی بار جنگل کی لکڑی کی نیلامی کا روایتی نظام ختم کرنے کا بڑا فیصلہ کیا گیا

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے جنگلات کی کٹائی اور لکڑی کی نیلامی پر فوری پابندی عائد کر دی، پنجاب کی تاریخ میں پہلی بار جنگل کی لکڑی کی نیلامی کا روایتی نظام ختم کرنے کا بڑا فیصلہ کیا گیا۔ جدید ٹیکنالوجی اور بینچنگ کی مدد سے اور شفاف قواعد و ضوابط بنائے جائیں گے۔ جنگلات کی لکڑی کی نیلامی پر پابندی کا باضابطہ حکم نامہ جاری کر دیا گیا، نیلامی کے نام پر جنگلات کے درخت بے رحمی سے کاٹ لئے (بقیہ نمبر 8)

نبی این پی کے جلسے پر ہونے والے خودکش حملے کی مذمت

معصوم شہریوں اور سیاسی ورکرز کی جانوں سے کھیلنے والے دہشت گرد انسانیت کے دشمن ہیں، سردار ایاز صادق

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے کوئٹہ سریاب روڈ پر بی این پی کے جلسے پر ہونے والے خودکش حملے کی شدید مذمت کرتے کہا ہے کہ معصوم شہریوں اور سیاسی ورکرز کی جانوں سے کھیلنے (بقیہ نمبر 1)

سیلاب متاثرین کو تنہا نہیں چھوڑیں گے، سردار ایاز صادق

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کے متاثرہ علاقوں کے دورے امدادی کارکنوں کیلئے حوصلہ افزائی کا باعث ہیں، بیان

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے ملک کے مختلف حصوں میں سیلاب کی تباہ کاریوں پر اظہار افسوس کرتے ہوئے کہا ہے کہ مشکل وقت میں سیلاب متاثرین کو تنہا نہیں چھوڑیں گے۔ بدھ کو (بقیہ نمبر 10)

سردار ایاز صادق کی ایف سی ہیڈ کوارٹر بنوں پر حملے کی مذمت

دہشتگردی کی بزدلانہ کارروائیاں قوم کے حوصلے پست نہیں کر سکتیں، شہداء کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی، سپیکر قومی اسمبلی

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے ایف سی ہیڈ کوارٹر بنوں پر حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ شہداء کے خون کے نقش قدم ہمیشہ راہ نجات کا چراغ بنے رہیں گے، قوم کا حوصلہ پست نہیں کر سکتیں، شہداء کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی، سپیکر قومی اسمبلی نے افسوس کا اظہار کیا (بقیہ نمبر 9)

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف قاسم بیلہ فلڈ ریلیف کیمپ کے دورے کے دوران متاثرہ خاندانوں کے ہمراہ قیام پذیر بچوں کے ہمراہ تصویر کھنچوا رہی ہیں

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کا سیلاب میں ہونے والے نقصانات کا تخمینہ لگانے، ریلیف کیمپوں میں تمام سہولیات مہیا کرنیکا حکم

سیلاب تباہ کن نقصانات کا تخمینہ لگانے کا حکم

پنجاب، خیبر پختونخوا، بلوچستان، آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان میں آئندہ 12 سے 24 گھنٹوں کے دوران بارشوں کے باعث سیلابی صورتحال مزید خراب ہونے کا خدشہ، عوام غیر ضروری سفر سے مکمل گریز کریں، این ڈی این اے بھارت نے پنجاب میں انفور کے مقام سے پانی چھوڑا، بھارتی ہائی کمیشن، لوگ بے سروسامان گھروں سے نکلے ہیں، جنہیں چھوڑ سکتے، سیلاب زدہ علاقوں کے متاثرین کیلئے بہترین انتظامات کرنے کی ہدایت کی، ڈیجیٹل چیف سیکرٹری ساتھ کو جنوبی پنجاب کے سیکرٹری ساتھ، ریسکیو اور ریلیف کی رپورٹ بھی طلب کر لی۔ مریم نواز نے کہا کہ ریلیف کیمپ میں تمام متاثرہ خاندانوں باضمیں خواتین اور بچوں کو جوڑے، (بقیہ نمبر 5)

فلڈ ریلیف کیمپوں اور ہرٹیسٹ ملی میں پھر ہار اور ہدایت کی کہ سیلاب زدہ علاقوں میں نقصانات کا سروے کرائیں، فلڈ ریلیف کیمپوں میں پینے کا صاف پانی فراہم کریں، مریم نواز کا کہنا تھا کہ جراثیم کش اسپرے کیا جائے۔ وزیر اعلیٰ نے ڈیجیٹل چیف سیکرٹری ساتھ کو جنوبی پنجاب کے لیے فنڈ جاری کیا اور بڑی اور ستاز خاروں، بنگلوں

لاہور (این ای این) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے سیلاب میں ہونے والے نقصانات کا تخمینہ لگانے کا حکم دیدیا، ڈیجیٹل سیکرٹری ساتھ کو جنوبی پنجاب کے سیلاب زدہ علاقوں کا دورہ کرنے کا حکم دیا، فلڈ ریلیف کیمپوں میں تمام بنیادی سہولیات مہیا کرنیکا حکم دیا، سیلاب متاثرین کو مکمل تحفظ فراہم کریں، مریم نواز کا کہنا تھا کہ متاثرہ خاندانوں کی بہتر سے بہتر دیکھ بھال کی جائے

روزنامہ عوامی للکار راولپنڈی Daily Awami Lalkaar Rawalpindi
عوام کی بے لوث خدمت اور حق کی آواز
ISSN 2709-7315 ABC

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر روبینہ فیصل

بڑے آبی ذخائر کی تعمیر

بھارت کی جانب سے پاکستان کے دریاؤں میں پانی چھوڑے جانے اور مولاوھار بارشوں کے باعث پنجاب کے تین بڑے دریاؤں راوی، چناب اور ستلج میں سیلاب سے صورتحال سنگین ہوگئی۔ ہزاروں دیہات زیر آب آنے سے سیکڑوں موٹیلی بلاک اور کھڑی فصلیں تباہ ہوگئیں۔ ڈائریکٹر جنرل پراونشل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (پی ڈی ایم اے) پنجاب عمران علی کا کہنا ہے بتایا کہ پنجاب میں سیلاب سے اب تک 33 افراد جاں بحق جبکہ 20 لاکھ افراد اور 2200 دیہات متاثر ہوئے۔ 7 لاکھ افراد نے متاثرہ علاقوں سے انخلاء کیا ہے۔ آئندہ 2 سے 3 روز تک مزید بارشیں متوقع ہیں جس کے پیش نظر پنجاب کے دریاؤں میں اونچے درجے کے سیلاب کا الرٹ جاری کیا گیا ہے۔ لاہور میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ڈی جی پی ڈی ایم اے پنجاب نے کہا کہ پنجاب کے تینوں دریاؤں میں تاریخ کا سب سے بڑا سیلاب ہے۔ ہم ان تمام افراد کے لیے سہولیات فراہم کر رہے ہیں۔ ریسکیو کے ساتھ پاک فوج نے بھی سیلابی صورتحال میں ہمارا ساتھ دیا۔

اطلاعات کے مطابق، آج سات لاکھ کیوسک ہیڈ ترسیوں پر پہنچے گا۔ راوی اور چناب کا پانی ہیڈ شرشاہ اور ہیڈ سلیمانی میں داخل ہوگا۔ 4 ستمبر کو یہ سارا پانی ہیڈ پنجند میں داخل ہوگا۔ بارش کے بعد راوی، ستلج اور بیاس میں طغیانی کا خدشہ ہے۔ اگلے چوبیس گھنٹوں میں دریائے چناب میں ہیڈ ترسیوں کے مقام پر انتہائی اونچے درجے کا سیلاب ہوگا اور ہفتے تک 10 لاکھ کیوسک کا ریلا سندھ پہنچ جائے گا جس کے بعد ہیڈ بلوکی پر پانی کے بہاؤ میں کمی آنا شروع ہوگئی۔ بہاؤ 2 لاکھ 11 ہزار 395 کیوسک ہو گیا مگر اب بھی انتہائی اونچے درجے کا سیلاب برقرار ہے۔ اطراف کے گاؤں اور موٹیلی متاثر ہوگئے، فصلیں تباہ ہوگئیں۔ نارووال اور ننکانہ صاحب میں بند ٹوٹنے سے پانی شہری اور دیہی علاقوں کی جانب بڑھنے لگا۔ عارف والا کے مقام پر دریا کا پانی نورا بند تک پہنچ گیا ہے۔ پاکپتن متاثرین کے لیے بھی کشتیوں کے ذریعے ریسکیو آپریشن جاری ہے۔ کئی علاقوں میں انٹرنیٹ سروس معطل ہے۔

ادھر، بھارت کی جانب سے دریائے چناب میں پھر سے 8 لاکھ کیوسک پانی بغیر اطلاع چھوڑ دیا گیا جس کے باعث پنجاب ہیڈ مرالہ کے مقام پر بڑے سیلاب کا خدشہ پیدا ہو گیا۔ بھارت نے سالاں ڈیم کے تمام گیٹ کھول دیے اور پانی چھوڑنے کی باضابطہ اطلاع نہیں دی گئی۔ 8 لاکھ کیوسک کا ریلا دو روز بعد مرالہ پہنچ جائے گا۔ چناب کے ملحقہ علاقوں میں اعلانات کرائے جا رہے ہیں۔ ریلوں سے بہاولپور کے مقام پر تحصیل صدر، بستی یوسف اور احمد والا کھوہ سمیت ستلج کے 7 بند ٹوٹنے سے ہزاروں فصلیں زیر آب آگئیں۔ پنجاب سے سیلابی پانی سندھ کی طرف بہنے لگا جس کے باعث گدو بیراج پر پانی کی سطح بلند ہونے پر کنٹرول روم سکھر بیراج نے درمیانے درجے کا سیلاب ڈکلیئر کر دیا۔ فلڈ فارکاسٹنگ ڈویژن کے مطابق گدو بیراج، سکھر بیراج اور کوٹری بیراج پر بدستور درمیانے درجے کا سیلاب ہے۔

عیدمیلاد النبی ﷺ اور حکومتی ذمہ داریاں

تحریر۔۔۔حمیدہ بیگم

آمد مصطفیٰ ﷺ کائنات کا سب سے حسین، بابرکت اور سب سے روشن لمحہ ہے۔ وہ گھڑی جب آفتاب رسالت ﷺ طلوع ہوا تو ظلمتوں کے اندھیرے چھٹ گئے، فضاؤں میں نور کی کرنیں پھیل گئیں۔ فرشتوں نے نغمہ ؎ مرحبا پیغمبر زمین و آسمان جھوم اٹھا اور ہر ذرّہ خوشی سے دمک اٹھا۔ ایوان کسریٰ لرز گئے، آتش کدے بجھ گئے اور بت خانوں کو مٹا دیا گیا۔ جس نے غلامی کی زنجیریں توڑ دیں، جہالت کے اندھیروں کو علم کی روشنی میں بدل دیا، نفرت کو محبت اور ظلم کو عدل میں ڈھال دیا۔ آپ ﷺ کی ولادت وہ تحفہ عظمیٰ ہے جس نے انسانیت کو حقیقی آزادی، امن و سکون اور عدل و انصاف کا تحفہ دیا۔ اگر آمد مصطفیٰ ﷺ نہ ہوتی تو کائنات اندھوری رہتی۔ آپ ﷺ کی آمد کی دو روشنی ہے جو قیامت تک انسانوں کے لئے ہدایت کا مینار اور کامیابی کا چراغ ہے۔ سید الانبیاء ﷺ کی سیرت طیبہ وہ آفتاب ہدایت ہے جس کی روشنی نے صدیوں کی تاریکی کو مٹا دیا اور ظلمت میں ڈوبی انسانیت کو عزت و سربلندی کی راہوں سے آشنا کیا۔ آپ ﷺ کی حیات مبارکہ ہی اصلاح تاریخ انسانی پیش کرنے سے عاجز ہے۔ قرآن مجید نے آپ ﷺ کے اوصاف کو "وَإِنَّكَ لَعَلَىٰ خُلُقٍ عَظِيمٍ" کہہ کر بلند ترین درجہ عطا کیا، اور آپ ﷺ کو پوری کائنات کے لیے "رحمت للعالمین" قرار دیا۔ بلاشبہ سیرت مصطفیٰ ﷺ صدق و امانت، عدل و مساوات، عفو و درگزر، حلم و بردباری، شجاعت و استقامت، سادگی و تواضع، اور حسنِ اخلاق کا وہ بے مثل مرقع ہے جس کی اتباع ہر دور کے انسان کے لیے دنیا و آخرت کی نجات کا واحد ذریعہ ہے۔

آج کی دنیا ایک نئے دور میں داخل ہو چکی ہے۔ ڈیجیٹل ٹیکنالوجی اور سوشل میڈیا نے انسان کے خیالات، رویوں اور اقدار کو بدل کر رکھ دیا ہے۔ یہ ذرائع ابلاغ اپنی رفتار اور اثر کے اعتبار سے بے مثال ہیں۔ جہاں ان کے ذریعے علم، شعور اور ترقی کے دروازے کھل سکتے ہیں، وہیں یہ جھوٹ، نفرت، فتنہ اور بے حیائی کا بھی سبب بن سکتے ہیں۔ ایسے میں ایک اسلامی ریاست خصوصاً پاکستان پر یہ دینی، اخلاقی اور ریاستی ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ سوشل میڈیا کو امام الرسلین ﷺ کی سیرت کے منہری اصولوں کی روشنی میں منظم کرے۔ پاکستان ایک اسلامی ریاست ہے جس کی بنیاد کلمہ طیبہ پر رکھی گئی۔ اس ریاست پر یہ فرض عائد ہوتا ہے کہ وہ اپنی پالیسیوں کو سنن انسانیت ﷺ کی تعلیمات کے مطابق بنائے۔ سوشل میڈیا پالیسی بھی اسی وقت کامیاب ہو سکتی ہے جب وہ عدل، صداقت اور خیر خواہی کو اپنا اصول بنائے۔ اسلامی نقطہ نظر سے دیکھا جائے تو سوشل میڈیا تر آن وسنت کی تعلیمات، سیرت النبی ﷺ کے دروس اور اخلاقی اقدار کو عام کرنے کا سنہری موقع فراہم کرتا ہے، یہ پلیٹ فارم اسلام دشمن قوتوں کے پروپیگنڈے کا جواب دینے کے لیے بھی ایک مضبوط ہتھیار ہے۔

حکومت پر لازم ہے کہ وہ اس طاقتور پلیٹ فارم کے استعمال کو مثبت سمت میں ڈھالے، ریاستی ذمہ داری صرف سڑکیں بنانے یا بجلی مہیا کرنے تک محدود نہیں بلکہ عوام کے ذہنوں اور قلوب کی تعمیر بھی ریاست کی ذمہ داری ہے۔ حکومت کو ایسی متوازن پالیسی تشکیل دینی چاہیے جو آزادیٔ اظہار کو یقینی بنائے لیکن فتنہ، فتنہ، نفرت انگیزی اور اسلام دشمن مواد کو روک دے۔

سوشل میڈیا کا استعمال مثبتی کیا جائے تو فتنہ، انتشار اور بگاڑ پیدا کرتا ہے لیکن اگر سیرت النبی ﷺ کے اصولوں کے تحت استعمال کیا جائے تو علم، اتحاد اور اصلاح کا زبردست ذریعہ ہے۔ حکومت پاکستان پر بھاری ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ اس پلیٹ فارم کو دینی و قومی اقدار کے تحفظ، عوامی خدمت اور نوجوان نسل کی مثبت رہنمائی کے ساتھ ساتھ اسلامی فحوا کے حوالے سے بھی مثبت اقدامات کرے۔ یوں سوشل میڈیا اسلام اور پاکستان دونوں کے دفاع، ترقی اور سربلندی کا سب سے طاقتور ہتھیار بن سکتا ہے۔

عید میلاد النبی ﷺ قریب ہے اور دنیا بھر کے مسلمان عقیدت و احترام سے اس دن کی تیاریوں میں مصروف ہیں۔ گلیاں اور بازار سج رہے ہیں، چراغاں کیا جا رہا ہے، اور ہر دل جاگتی ہے اور وہ بھی مردوں کے شانہ بشانہ آگے بڑھ سکتی ہیں۔

مولانا بشیر فاروقی صاحب نے جس وژن کے ساتھ یہ ادارہ قائم کیا ہے، اس کو آگے بڑھانے والے ہم اشفران داصل ہمارے معاشرے کے اصل ہیرو ہیں۔ یہ وہ افراد ہیں جو ایک ایسی مثال قائم کر رہے ہیں جسے باقی اداروں کو بھی اپنانا چاہیے۔

ہمارے ملک کے ایسے نجی اداروں کی ضرورت ہے جو عورت کو پردے اور حجاب کے ساتھ عزت دیں، تاکہ خواتین اپنے دین وایمان پر قائم رہتے ہوئے بھی اپنے ملک اور گھر کے لیے معاشی کردار ادا کر سکیں۔ یہ ادارہ ہمیشہ اس بات کا ثبوت ہے کہ اسلام نے عورت کو جو مقام دیا، وہی اصل ترقی کی راہ ہے۔

آخر میں یہ کہنا بجا ہوگا کہ سیالانی ماس آئی ٹی ٹریننگ سرف ایک تعلیمی ادارہ نہیں بلکہ ایک مشعل راہ ہے، جو تیس سیکھنا تا ہے کہ عورت کو عزت دیے بغیر کوئی معاشرہ ترقی نہیں کر سکتا۔ اس ادارے کا ماحول اس کا نظام اس بات کی گواہی دیتا ہے کہ اسلام ہی عورت کے تحفظ اور وقار کی اصل ضمانت ہے۔

عورت کو عزت دینے والا ادارہ

تحریر: نازیہ دانش بنت سید منصور علی۔

ہمارے معاشرے میں آج کے حالات اس نہج پر پہنچ چکے ہیں کہ ایک گھر کو چلانے کے لیے صرف مرد کا سہارا کافی نہیں رہ گیا۔ بڑھتی ہوئی مہنگائی، بے روزگاری اور معاشی دباؤ نے عورت کو بھی گھر کی چار دیواری سے نکلنے پر مجبور کر دیا ہے۔ لیکن افسوس اس بات کا ہے کہ جن اصولوں اور اقدار کے ساتھ دینِ اسلام نے عورت کو عزت، حیا اور تحفظ عطا کیا، وہی اصول آج کے اسلامی معاشروں میں پس پشت ڈال دیے گئے ہیں۔

اسلام دنیا کا وہ واحد دین ہے جس نے عورت کو نہ صرف عزت بلکہ باوقار مقام عطا کیا۔ بیٹی کو رحمت قرار دیا، بیوی کو محبت اور سکون کا ذریعہ کہا اور ماں کے قدموں تلے جنت رکھ دی۔ مگر بدقسمتی سے ہمارے ملک میں عورت کو اکثر وہی عزت نہیں ملتی جس کا وہ حق رکھتی ہے۔ پردہ کرنے والی، حجاب یا عبایا پہننے والی خواتین کو اکثر ملازمت کے مواقع نہیں دیے جاتے اور ان سے کہا جاتا ہے کہ اگر وہ پردے کے ساتھ رہیں گی تو وہ اس ماحول میں فٹ نہیں بیٹھ سکتیں۔ یہ رویہ سراسر ناانصافی ہے۔

ایسی صورتحال میں ایک ادارہ ایسا بھی ہے جس نے اس روش کو بدلنے کی عملی کوشش کی ہے۔ یہ ادارہ ہے سیالانی ماس آئی ٹی ٹریننگ، جہاں خواتین کو عزت اور تحفظ کے ساتھ کام کرنے کا مکمل حق دیا جاتا ہے۔ یہاں نہ صرف پردے اور حجاب کے ساتھ کام کرنے کی اجازت ہے بلکہ اس پر زور دیا جاتا ہے کہ خواتین اپنی اسلامی اقدار کو قائم رکھتے ہوئے ترقی کی راہ پر گامزن ہوں۔

یہ ادارہ مولانا بشیر فاروقی صاحب کی سرپرستی میں چل رہا ہے، جنہوں نے ایک ایسا ماحول تشکیل دیا ہے جہاں خواتین کو سکون، قلب، اعتماد اور تحفظ میسر آتا ہے۔ یہ وہ ادارہ ہے جہاں مرد خواتین کے کام کے دائرے الگ رکھے گئے ہیں تاکہ خواتین کسی بھی دباؤ یا غیر محفوظ ماحول کا احساس کئے بغیر اپنی ذمہ داریاں ادا کر سکیں۔

میں نے کئی اداروں میں کام کیا، مگر اکثر جگہوں پر حجاب اور پردے کے ساتھ کام کرنے کی اجازت نہیں تھی۔ مگر جب سے میں نے اس ادارے کو جوائن کیا ہے، مجھے ایک ایسا ماحول ملا ہے جہاں میرا پردہ بھی محفوظ ہے اور میرا وقار بھی میری عزت بھی محفوظ ہے اور میرا مقام بھی۔

یہاں کی سب سے بڑی خصوصیت یہ ہے کہ خواتین کو مرد حضرات سے غیر ضروری رابطے کی ضرورت نہیں پڑتی۔ خواتین کا اپنا الگ دفاتر کار ہے اور مرد حضرات اپنی حدود میں رہتے ہیں۔ اس سے خواتین کو یہ یقین حاصل ہوتا ہے کہ وہ ایک محفوظ اور عزت دار ماحول میں کام کر رہی ہیں۔

اس ادارے کے مرد افسران اور لیڈنگ آفیسرز بہترین اخلاق کے مالک ہیں۔ ان کی رہنمائی اور ان کا مثبت رویہ اس بات کا ثبوت ہے کہ اگر نیت صاف ہو اور مقصد صرف خدمت اور تعلیم ہو تو خواتین کو عزت دی جا سکتی ہے اور وہ بھی مردوں کے شانہ بشانہ آگے بڑھ سکتی ہیں۔

لاحب الاقلین

محمد مبشر حنیف نظامی

قرآن مجید میں ارشاد ہے: " لَا أُحِبُّ الْآفِلِينَ " (میں ڈوبنے والوں کو پسند نہیں کرتا)۔ یہ الفاظ حضرت ابراہیمؑ کی زبان سے نکلے جب انہوں نے ستاروں، چاند اور سورج کو دیکھا اور حقیقت واضح کی کہ یہ سب وقت کے ساتھ چھپ جاتے ہیں، ڈوب جاتے ہیں اور فنا ہو جاتے ہیں۔ مگر اللہ وہ ذات ہے جو ہمیشہ باقی رہنے والا ہے، جس کی ذات پر کوئی زوال نہیں۔ دنیا کی رنگینیاں، دولت، شہرت، طاقت اور خواہشات کی محبت اگرچہ وقتی طور پر دل کو بہلاتی ہے، لیکن یہ سب کچھ زوال پذیر ہے۔ آج جو دولت ہے وہ کل ختم ہو سکتی ہے، آج جو رشتہ ہے وہ وقت کے ساتھ کمزور ہو سکتا ہے، آج جو طاقت ہے وہ بڑھاپے میں ریزہ ریزہ ہو جاتی ہے۔ اگر ہمارا دل صرف انہی فانی چیزوں سے محبت کرے گا تو ہم اطمینان کو اللہ کی قربت اور محبت والے دل سے نہیں، بلکہ دنیا کی فانی محبتوں میں نہ پڑو، اس ذات سے محبت کرو جو کبھی فانیں ہوگی

اطمینان بخشتی ہے اور زندگی کے ہر موڑ پر انسان کو سہارا دیتی ہے۔ اللہ کی محبت انسان کو دنیا کی آزمائشوں میں ثابت قدم رکھتی ہے، مایوسی کو امید میں بدل دیتی ہے اور دل کو حقیقی خوشی عطا کرتی ہے۔ آج کے دور میں انسان اربوں مرتبہ مادی اشیاء اور وقتی آسائشوں کے پیچھے بھاگ رہا ہے۔ شہرت کے چراغ، دولت کے ڈھیر اور لذتوں کے سراب ہی زندگی کا مقصد بن گئے ہیں۔ مگر یہ سب وہی "آفلین" ہیں، جو ڈوب جاتے ہیں۔ جو شخص ان کے پیچھے اپنی زندگی ضائع کر دیتا ہے، وہ بالآخر خالی ہاتھ اور دل کی ویرانی کے ساتھ رہ جاتا ہے۔ لہٰذا ہمیں چاہیے کہ اپنی محبت کا مرکز صرف اللہ کی ذات کو بنائیں۔ اللہ کی محبت میں ہی ہماری بقا کا راز ہے، دعا کا سکون ہے اور زندگی کی اصل کامیابی ہے۔ جو دل اللہ کے عشق سے آباد ہو جائے، اسے نہ دنیا کی خسارے ہلا سکتے ہیں، نہ وقتی محرومیاں ہلا سکتی ہیں۔ آخر میں یہ یاد رکھنا ضروری ہے کہ اللہ کی محبت کا دعویٰ صرف زبان سے نہیں بلکہ عمل سے ثابت ہوتا ہے۔ نماز قائم کرنا، قرآن سے تعلق جوڑنا، حقوق العباد ادا کرنا اور گناہوں سے بچنا ہی وہ راستے ہیں جو انسان کو اللہ کی قربت اور محبت والے بناتے ہیں۔ لہٰذا، دنیا کی فانی محبتوں میں نہ پڑو، اس ذات سے محبت کرو جو کبھی فانیں ہوگی

شوبز SHOWBIZ

نندوں کو چاہئے کہ اپنی بھابھیوں کی عزت کریں، متاشا علی

اگر لڑکی غیر شادی شدہ ہو تو اس کا پورا حق ہے کہ وہ اپنے ماں باپ کے گھر رہے

لاہور (این این آئی) پاکستانی اداکارہ متاشا علی نے ہمارے معاشرے کے اہم پہلو اور سنگین پر روشنی ڈالی ہے۔ حال ہی میں مارننگ شو میں شرکت کے دوران متاشا علی نے عائلی کی بیویوں کی جانب سے بیوہ، غیر شادی شدہ اور طلاق یافتہ نندوں کے ساتھ امتیاز کیے جانے والے رویے پر بات کی۔ انہوں نے کہا اگر لڑکی غیر شادی شدہ ہے تو اس کا پورا حق ہے کہ وہ اپنے ماں باپ کے گھر رہے، اس پر نہ کسی بھابھی کا بوجھ ہی نہیں کہ وہ اسے بوجھ سمجھے یا اس سے اختلافات رکھے یا نفرت کرے۔ اداکارہ نے کہا اگر کوئی بھابھیاں پیکے لیتی کی کوشش کرتی ہیں جو نہیں کرنا چاہیے، اس کے علاوہ طلاق یافتہ یا بیوہ خواتین بھی ماں باپ کے پاس ہی آئیں گی نا،

طلاق کے بعد بھی چہل سے رابطے میں ہوں، بھارتی ڈائمر دھناشری ورما

ہم دونوں میں تعلقات احترام کے ساتھ قائم ہیں، ہمارا رابطہ صبح پر رہتا ہے

سمتی (این این آئی) بھارتی ڈائمر دھناشری ورما نے کہا ہے کہ وہ طلاق کے بعد بھی یزویندر چہل سے رابطے میں ہیں۔ فلم ہدایت کار، مصنف اور کوریوگرافر فرح خان کے ساتھ لاگ میں دھناشری ورما بیڈ ذاتی زندگی، کیریئر اور تعلقات پر بے تکلفی سے بات کی۔ یزویندر چہل کی ساتھ اہلیہ کی دلچسپ اثنا میں کی گئی گفتگو کو ماحول نے خوب سراہا ہے اور وہ ایک بار پھر خبروں کی زینت بن گئیں۔ فرح خان نے بھارتی ڈائمر کے گھر کی تعریف کی اور کہا کہ یہ پہلی بار ہے کہ آپ ایکی رو رہی ہیں، پہلے والدین کے ساتھ پریوزی سے شادی ہوگی، آپ تو میری پارٹی میں بھی ساتھ آئے تھے، تو طلاق کے بعد حالات کتنے بدل گئے ہیں؟ دھناشری ورما نے بے تکلف انداز میں انکشاف کیا کہ اب بھی یزویندر چہل سے رابطے میں ہوں اور وہ بہت ہی سوئٹ انسان ہے، مجھے ماہا کرتا تھا۔

مشہور انفلوئنسر شوہر اور بچوں سمیت قتل، لاشیں گاڑی سے برآمد

2 بچوں کو موت کے گھاٹ اتار دیا گیا۔ چاقو کے 13 وار کیے گئے، سانتا کوادر میں ہیجڑا کے طور پر کی شناخت کی گئی۔ مقامی میڈیا کے مطابق پولیس نے قریبی سی سی ٹی وی فوٹیج کے 3 دن کی کھنگال کی بنیاد پر ایک مشتبہ شخص کو حراست میں لیا، بیگن شبہ نہ ملنے پر انہیں جلد رہا کر دیا گیا۔

سانتا کوادر میں ایک انفلوئنسر کے شوہر اور بچوں سمیت قتل کے بعد لاشیں گاڑی سے برآمد ہوگئیں۔ پرائیویٹ انفلوئنسر مبینہ طور پر اپنے شوہر اور 2 بچوں کو موت کے گھاٹ اتار دیا گیا۔ چاقو کے 13 وار کیے گئے، ہیجڑا کے طور پر کی شناخت کی گئی۔ مقامی میڈیا کے مطابق پولیس نے قریبی سی سی ٹی وی فوٹیج کے 3 دن کی کھنگال کی بنیاد پر ایک مشتبہ شخص کو حراست میں لیا، بیگن شبہ نہ ملنے پر انہیں جلد رہا کر دیا گیا۔

ہم تمام مذاہب کا احترام کرتے ہیں، سلیم خان

پورے خاندان نے کبھی گائے کا گوشت نہیں کھایا، سلمان خان کے والد کا انکشاف



سمتی (این این آئی) بالی ووڈ سپر اسٹار سلمان خان کے والد سلیم خان نے انکشاف کیا ہے کہ ان کے خاندان نے کبھی گائے کا گوشت نہیں کھایا۔ مذہبی کٹھیرا اداکار رقم پروڈیوسر اور اسکرین رائٹر سلیم خان نے ایک حال گفتگو میں کہا کہ ہم تمام مذاہب کا احترام کرتے ہیں۔ اپنے خاندان کے کسی بھی بیف نہ کھانے کی وجہ بتاتے ہوئے سلیم خان نے کہا کہ ان کے خاندان میں ہمیشہ سے یہ روایت ہے کہ کوئی بھی گائے کا گوشت نہیں کھاتا اور بند تہوار بھی جوش و جذبے کے ساتھ منائے جاتے ہیں جبکہ مسلم تہوار بھی منائے جاتے ہیں۔ سلیم خان نے بتایا کہ جب وہ اندور میں پیدا ہوئے اس زمانے سے آج تک پورے خاندان نے مسلمان ہونے کے باوجود کبھی بھی بیف نہیں کھایا۔

SPORTS سپورٹس

1999 ورلڈ کپ فائنل میں ٹاس جیت کر کیا کرنا تھا؟ وسیم اکرم نے بتا دیا

لاہور (این این آئی) سابق کپتان اور سوئنگ کے سلطان وسیم اکرم نے 1999 ورلڈ کپ فائنل میں پہلے بیٹنگ کرنے کی وجہ بتا دی۔ سابق کپتان وسیم اکرم نے حال ہی میں نجی ٹی وی کے مزاحیہ شو میں شرکت کی اور اپنے بچپن اور کرکٹ کیریئر سے متعلق اظہار خیال کیا۔ وسیم اکرم کا کہنا تھا کہ ہمارے دور میں ٹیم کی طاقت ہماری بولنگ تھی، ورلڈ کپ میں بھی وقار یونس، شعیب اختر، عبدالرزاق، مشتاق اور اظہر اور عبدالرزاق جیسے آل راؤنڈر تھے، ہمارے پاس بولنگ میں بہت آپشن تھے۔ انہوں نے کہا کہ 99 ورلڈ کپ کے راؤنڈ میچز میں ہم ٹاس جیت کر پہلے بیٹنگ کر رہے تھے اور تمام میچز جیت بھی گزرے تھے تو فائنل میں بھی یہی فیصلہ تھا کہ پہلے بیٹنگ ہی کریں گے اور 200 رنز بھی کر لیے تو آسٹریلیا کو قابو کر لیں گے۔ سابق کپتان نے بتایا کہ جو ٹولہ یہ کہہ رہے ہیں کہ ایوانگ بیٹنگ کا فیصلہ کیا جبکہ فیلڈنگ کرنا تھی انہیں اب 25 سال بعد پتا آیا ہے۔

یو اے ای کے کپتان محمد وسیم نے روہت شرما کا اہم ریکارڈ توڑ دیا

ٹی 20 انٹرنیشنلز میں کپتان کی حیثیت سب سے زیادہ چھکے مارنے کا اعزاز حاصل کر لیا

شارجہ (این این آئی) متحدہ عرب امارات کرکٹ ٹیم کے کپتان محمد وسیم نے بھارتی ٹی 20 ٹیم کے سابق کپتان روہت شرما کا اہم ریکارڈ توڑ دیا۔ محمد وسیم نے شارجہ کرکٹ اسٹیڈیم میں افغانستان کے خلاف سہ ملکی سیریز کے میچ کے دوران بھارت کے روہت شرما کو پیچھے چھوڑتے ہوئے ٹی 20 انٹرنیشنلز میں کپتان کی حیثیت سے سب سے زیادہ چھکے مارنے کا اعزاز حاصل کر لیا۔ وسیم نے افغانستان کے 189 رنز کے ہدف کے جواب میں شاندار بیٹنگ کا مظاہرہ کرتے ہوئے صرف 37 گیندوں پر 67 رنز کی طوفانی اننگز کھیلی جس میں 6 بلند و بالا چھکے اور 4 چوکے شامل تھے۔ یو اے ای کے کپتان نے محض 54 گیندوں پر 20 انٹرنیشنل اننگز میں 110 چھکے مارے ہیں



آئیکسو بیجن میں بوجہ ضروری سسٹم میٹینس 04 ستمبر 2025 عوام کیش بکلی بند رکھی جائیگی شیڈول۔

بقیہ

1

میں مشترکہ تعاون سے متعلق جامع خیال کیا گیا۔ ٹرک فعالیت کے کنفرنس آج پریاگ فعالیت کے ایک چالی و پندرہ تنے نے انہیں گاؤ آف آرٹ پیش کیا۔ قلاقت کے دوران سرہاد کا پانی فعالیت نے پاکستان اور ترکیہ کے مابین بارہ اور تقلاقت کا ڈکر کیا جو کہ متعدد کیمپی مقاتکہ اور ثروہاتی امور اہم اشیاء کا مظہر ہونے کے ساتھ ساتھ دونوں ممالک کے مابین دیرینہ قوامت داری کا موجب ہیں۔انہوں نے ٹرک کوئٹہ کے پہلے پچ کی تربیت کے لیے اپنے اہلیت انہوں اضرفان کے آمدہ دونوں فعالی افواج کے مابین بارہ اور تاریخ تھا کہ اس اہم ٹرک کی تعمیر قلاردیا۔ یہ ٹرک دونوں ممالک کے مابین دیرینہ دوقائی شراکت داری میں ایک نیے باب کا اضافہ کرے گا۔ساتھ ساتھ علاقے کے اندر اور اہم تجارتی راہداری کے جدید تربیت کے مشترکہ مقاصد کو فعالیت دیں۔ سرہاد پاکستان کے مشترکہ تربیت فعالی کا فعالیت اور فی ڈومین کو ہنگر سنیت حقیقت مضبوط بنانے کے مابین جالیہ ٹرک کے تجربات سے آپریشنل استفادہ حاصل کرنے کی ایاں خواہش کا اظہار کیا جس پر کوئٹہ دینے کے ساتھ ساتھ سکت عملیوں کو بہتر تقلیت دینے کے ساتھ ساتھ مجموعی آپریشنی تیاریوں کو بہتر بنانے کا۔ معزز مہمانوں نے جیلی اپریشن سائیس انسٹیٹیوٹ کی پارک میں بھی اپنی گہری دلچسپی کا اظہار کیا اور جدید ایسیٹس جیسی ٹیکنالوجی کے فروغ اور فاصلاتی کے فروغ کے لیے پاک فعالیت کی جانب سے تیار کردہ تقلاقت کا خوشی کی تعریف کی۔ سربراہان نے علمی فعالی افواج کی جانب سے ماضی تجربات علمی اشاعت اور آپریشنل مہارت کی بنیاد پر ایک مربوط نظام کی حیثیت سے کام کرنے کے عزم کا اعادہ کیا۔ ٹرک فعالیت کے فاذ کا تاریخ پر گورڈز زمستان کے دوران ہونے کا اعلان کیا۔ دونوں اور ممالک کے مابین ثروہاتی شراکت داری کے فروغ اور دوطرفہ فاعلی تقلاقت کو تقویت دینے کے ساتھ ساتھ پاکستان اور ترکیہ کی مسلح افواج کے مابین باہمی اعتماد اور تعلقات کو مستحکم کرنے کے لازوال عزم کا مندیل ثبوت ہے۔

بقیہ

2

خواص محترمہ ادیبہ مدنی نے حاصل کی۔محفل کے آغاز کرتے ہوئے علامہ محمود مسعود قادری نے کہا کہ مسلمانوں کیلئے کامیاب زندگی کا راستہ صرف اور صرف رسالتوں میں چھپی ہے لہذا امت مسلمہ کو یہ کرنا ہوگا کہ اپنا رجوع رسالتوں کا ہوگا۔انہوں نے کہا کہ اسلام کی تعلیمات کیلئے ہمارا رجوع حضور کی تعلیمات کی طرف ہونا چاہیئے۔ اس کیلئے ہمارا حضور کی تعلیمات کی طرف رجوع ہونا چاہیئے۔ اس کیلئے ہمارا رجوع ہونا چاہیئے۔ اس کیلئے ہمارا رجوع ہونا چاہیئے۔ اس کیلئے ہمارا

نیشنل یونیورسٹی آف ٹیکنالوجی میں ایم ایس اور پی ایچ ڈی پروگرامز کا آغاز

بین الاقوامی تعاون کے تحت *ایم ایس ان کلائمیٹ چینج اینڈ انوائرمنٹل انفورمیٹکس (CCEI)* کا اجرا بھی کیا

ایم ایس پروگرام کلائمیٹ چینج اینڈ انوائرمنٹل انفورمیٹکس طلباء کو موسمیاتی تبدیلی سے نمٹنے کیلئے اختراع اور جدت کے ساتھ تیار کرے گا

اسلام آباد (ثنائندہ عوامی للکار) نیشنل یونیورسٹی آف ٹیکنالوجی (NUTECH) نے ایم ایس اور پی ایچ ڈی پروگرامز کا آغاز کیا، بین الاقوامی تعاون کے تحت *ایم ایس ان کلائمیٹ چینج اینڈ انوائرمنٹل انفورمیٹکس (CCEI)* کا اجرا بھی کیا نیشنل یونیورسٹی آف ٹیکنالوجی (NUTECH) نے باضابطہ طور پر ایم ایس پروگرامز کا آغاز کیا ہے جن میں *ماڈرنیکلیشن انجینئرنگ، الیکٹرانکس انجینئرنگ، الیکٹریکل انجینئرنگ، اور مکینیکل انجینئرنگ *شامل ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ ایک (بقیہ نمبر 2 صفحہ 4)

نیشنل یونیورسٹی آف ٹیکنالوجی (NUTECH) نے ایم ایس اور پی ایچ ڈی پروگرامز کا افتتاح کیا جا رہا ہے جبکہ افتتاحی تقریب سے معزز مہمان گرامی *ایچ ای جناب قلب اور گروس خطاب کر رہے ہیں

کندہ کوٹ پولیس کا منشیات کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن جاری

کامیاب کارروائی ایک ملزم گرفتار اور بھاری مقدار میں آرڈب گٹکا برآمد

کشور (سید رشید احمد شاہ) تھانہ کندہ کوٹ کے پولیس کا منشیات کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن جاری کامیاب کارروائی ایک ملزم گرفتار اور بھاری مقدار میں آرڈب گٹکا اور پان پراگ گٹکا برآمد کر لیا گیا (بقیہ نمبر 2 صفحہ 5)

کرپٹ اساتذہ کے ہاتھوں سکول کا سامان غائب

تھلقہ کندہ کوٹ کے گاؤں گامن خان جاکھرانی میں سرکاری سکول کا مستقبل خطرے میں

کشور (سید رشید احمد شاہ) تھلقہ کندہ کوٹ کے گاؤں گامن خان جاکھرانی میں سرکاری سکول کا مستقبل خطرے میں، کرپٹ اساتذہ کے ہاتھوں سکول کا سامان غائب۔ تھلقہ کندہ کوٹ کے گاؤں گامن خان جاکھرانی میں قائم سرکاری

کونسلر رکن بلوچستان اسمبلی سید عبیداللہ کوثر بیخ این پی کے جلسے کے بعد خود کش حملے کے دھماکے کے زخمیوں کی ہسپتال میں عیادت کر رہے ہیں

حکومت کا کراچی اور حیدرآباد کے درمیان نئی موٹروے بنانے کا فیصلہ

کراچی (این این آئی) وفاقی حکومت نے کراچی اور حیدرآباد کے درمیان نئی موٹروے بنانے کا فیصلہ کر لیا۔ کراچی میں وزیراعلیٰ سندھ سے وفاقی وزیر برائے مواصلات سلیم خان نے اپنے وفد کے ہمراہ ملاقات کی۔ اس دوران ایم-6 موٹروے کی تعمیر اور ایم-10 پر بات چیت کی گئی اور حیدرآباد-سکھر موٹروے پر کام جلد شروع کرنے پر اتفاق کیا گیا۔ شرکا کو بریفنگ میں بتایا گیا کہ ایم-10 کراچی سے حیدرآباد تک موٹروے کا منصوبہ (بقیہ نمبر 2 صفحہ 6)

ملک میں ''تسلسل'' کا فیصلہ ہوگیا، 5یا 10برس کا تعین آئین کے مطابق ہوگا' رانا ثنااللہ

لاہور (این این آئی) وزیراعظم کے مشیر رانا ثنااللہ نے کہا ہے کہ مری میں (ن) لیگی قیادت کے اہم اجلاس میں ''تسلسل'' کا فیصلہ ہوگیا۔ ''تسلسل'' 5برس کیلئے ہوگا یا 10سال کیلئے جو بھی ہوگا آئین کے مطابق ہوگا۔ نجی ٹی وی کے پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے رانا ثنا اللہ نے بتایا کہ اس سلسلے میں مری میں بڑوں کے درمیان اہم بیٹھک ہوئی ہے جس میں یہ فیصلہ کیا گیا، بہرحال جو بھی ہوگا آئین کے مطابق ہوگا۔ کچھ لوگوں کو اس پر شک (بقیہ نمبر 2 صفحہ 8)

12 ربیع الاول عید میلاد النبیﷺ کے سیکیورٹی انتظامات کے حوالے سے اجلاس

ایس ایس پی آپریشنز، ایس ایس پی ایڈمنسٹریشن، چیف ٹریفک آفیسر، ایس ڈی پی او اور دیگر سینئر افسران کی شرکت

عید میلاد النبیﷺ پر فول پروف سیکورٹی انتظامات کو یقینی بنایا جائے گا، سی پی او سید خالد ہمدانی کی زیر صدارت اجلاس

سی پی او سید خالد ہمدانی پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میں 12 ربیع الاول عید میلاد النبیﷺ کے سیکورٹی انتظامات کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

راولپنڈی (فیصل ندیم سے) سی پی او سید خالد ہمدانی کی زیر صدارت پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میں 12 ربیع الاول عید میلاد النبیﷺ کے سیکورٹی انتظامات کے حوالے سے اجلاس، ایس پی انویسٹیگیشن، چیف ٹریفک آپریشنز، ایس پی، ایس ڈی پی او اور دیگر سینئر افسران کی شرکت، میلاد کمیٹی، امن کمیٹی اور انجمن تاجران کے عہدیداران کی بھی خصوصی شرکت، عید میلاد النبیﷺ پر فول پروف سیکورٹی انتظامات کو یقینی بنایا (بقیہ نمبر 2 صفحہ 9)

چوآسیدن شاہ ڈی ایچ کیو ہسپتال کٹاس میں نارمل ڈیلیوری کیسز جاری

پیچیدہ کیسز گائنا کولوجسٹ نہ ہونے کے باعث ڈی ایچ کیو چکوال ریفر

چوآسیدن شاہ (نمائندہ خصوصی) تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال کٹاس میں تعینات واحد گائنا کولوجسٹ ڈاکٹر ایلیا ایک تسٹیکٹ ریٹیونڈ ہونے کے باعث ڈی ایچ کیو کوئی وارڈ کے شروع کروایا تھا جو بعد ازاں پھر کھٹائی کا شکار ہو گیا مختلف بیمیں ایمبلنس کے لیے آئیں مگر سب بے بسی کی تصویر بن گیا سابق اسسٹنٹ کمشنر کوتر خان نے پارک کی ترین و آرائش کا کام مسائل میں اضافہ ملاقاتی کی خواتین مریضاں کے لیے مشین بیٹھنے کی جگہ نہ ہونے کے باعث مریض کو دشوار کا سامنا کرنا پڑا تھا جو بعد ازاں پھر کھٹائی کا شکار ہو گیا مختلف بیمیں ایمبلنس کے لیے آئیں مگر سب بے بسی کی تصویر بن گیا سابق اسسٹنٹ کمشنر کوتر خان نے پارک کی ترین و آرائش کا کام سمیت مقامی انتظامیہ (بقیہ نمبر 3 صفحہ 1)

شریف فاریسٹ پارک بے بسی کی تصویر اور کسی مسیحا کا متلاشی

سابق اے سی نے کام شروع کروایا جو بعد میں کھٹائی کا شکار ہو گیا

کوتر خان (قمر شہزاد) لاوارث جنگل کوتر خان کا کوئی پرسان حال نہیں شہر کے اندر اکلوتا پارک بے بسی کی تصویر بن گیا سابق اسسٹنٹ کمشنر کوتر خان نے پارک کی ترین و آرائش کا کام شروع کروایا تھا جو بعد ازاں پھر کھٹائی کا شکار ہو گیا مختلف بیمیں ایمبلنس کے لیے آئیں مگر سب بے بسی کی تصویر بن گیا سابق اسسٹنٹ کمشنر کوتر خان نے پارک کی ترین و آرائش کا کام سمیت مقامی انتظامیہ (بقیہ نمبر 3 صفحہ 1)

روبینہ خالد بلوچستان نیشنل پارٹی کی ریلی پر دھاوے کی مذمت

امیدوار جتنے میں ملوث دہشتگردوں کو انجام تک پہنچایا جائے گا، چیئرپرسن پی آئی ایس پی

اسلام آباد (این این آئی) چیئرپرسن پی آئی ایس پی بلوچستان نیشنل پارٹی روبینہ خالد نے کوئٹہ میں بلوچستان نیشنل پارٹی کی ریلی پر دھاوے کی سخت الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ امیدوار کے جتنے میں ملوث دہشتگردوں کو انجام تک پہنچایا جائے گا۔ اپنے بیان میں روبینہ خالد نے کہا کہ کوئٹہ میں بلوچستان نیشنل پارٹی دہشتگردانہ حملے کی سخت مذمت کرتی ہوں، ہمارے کارکن اور امیدوار جتنے میں ملوث دہشتگردوں کو انجام تک پہنچایا جائے گا۔ اپنے بیان میں روبینہ خالد نے کہا کہ کوئٹہ میں بلوچستان نیشنل پارٹی دہشتگردانہ حملے کی سخت الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ امیدوار کے جتنے میں ملوث دہشتگردوں کو انجام تک پہنچایا جائے گا۔ اپنے بیان میں روبینہ خالد نے کہا کہ کوئٹہ میں بلوچستان نیشنل پارٹی کی ریلی پر دھاوے کی